# اہل خانہ کے لیے معلومات:

## انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے حامل طلبا کے لیے ترقی

یہ وسیلہ IEP کے حامل معیاری تشخیص میں شرکت کرنے والے طلبا کے والدین کے لیے ہے۔ [1] آپ مختلف گریڈ کی سطح کے لیے ترقی کے رہنما خطوط کی وضاحت کو ذیل میں پائیں۔ ہم آپ کی، آپ کے بچے سے جن معیارات کی تکمیل کرنے کی توقع کی جاتی ہے اس کے ساتھ ساتھ اپنے بچے کی پیش رفت کے بارے میں تازہ ترین خبریں موصول کرنے کے گوشوارہ وقت کے بارے میں سوالات پوچھنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ آپ اپنے بچے کی IEP ٹیم کے ایک اہم ممبر ہیں اور آپ کے بچے کے IEP کے فروغ میں تمام فیصلوں کا حصہ ہیں، بشمول ترقی کے دائرہ کار کے۔

ترقی ایک ایسا طریق کار ہے جس کے ذریعے اساتذہ یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ اگر ایک طالب علم اگلے گریڈ کے لیے تیار ہے اور اس نے کامیاب ہونے کے لیے مشمولات اور صلاحیتوں میں مہارت حاصل کر لی ہے۔ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کی ترقی کی پالیسی کی وضاحت چانسلر کے ضابطے A-501 میں کی گئی ہے۔ یہ یقینی بنانا ہدف ہے کہ اگلے گریڈ میں داخل ہونے سے قبل طلبا کو تدریس اور ریاضی کی مستحکم بنیاد کی تعمیر کرنے کے لیے درکار معاونت میسر ہے۔

### گریڈز K-2

- پورے تعلیمی سال کے دوران اسکول آپ کے بچے کی پیش رفت کا جائزہ لیتا رہتا ہے تاکہ یہ تعین کیا جائے کہ اگر یہ اپنے گریڈ کے لیے تدریس اور ریاضی کے تعلیمی معیارات کی تکمیل کی جانب پیش رفت کر رہا ہے۔ اس میں آپ کے بچے کی گریڈ کی سطح پیش رفت کو زیر غور لانا اور IEP کے اہداف میں مہارت شامل ہے۔
- آپ کے بچے کو ترقی دینے یا روک لینے کا فیصلہ کرنے کے لیے آپ اور آپ کے بچے کا استاد سرگرم کردار ادا کرتے ہیں۔ آپ کو والدین/اساتذہ کی کانفرنس میں اپنے بچے کی پیش رفت پر بات چیت کرنی چاہیئے۔
- اگر آپ کا بچہ انگریزی زبان کا ایک متعلم بھی ہے تو لسانی تحصیل فیصلے کا جز ہو سکتی ہے لیکن صرف انگریزی کی مہارت فیصلے کی بنیاد نہیں ہو سکتی ہے۔
- اگر آپ کے بچے کو روک لینے کا فصلہ کر لیا جاتا ہے کیونکہ ترقی اس کے بہترین مفاد میں نہیں ہے تو آپ جون میں ایک خط موصول کریں گے۔

### گریڈز 3-8

- IEP کے حامل طلبا سے ترقی کے اسی دائرہ کار کی تکمیل کرنے کی توقع کی جاتی جس کی ان کے IEP نہ رکھنے والے ہمسروں سے کی جاتی ہے۔ اس کا حوالہ معیاری ترقی کے دائرہ کار کے طور پر دیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ، معقول معاونت اور خدمات کے ساتھ اپنے گریڈ کے لیے مطلوب مشمولات اور صلاحیتوں کو سیکھنے کی جانب پیش رفت کرنے کے قابل ہو گا۔
- ہر ایک طالب علم کی پیش رفت کی کارکردگی کی تشخیص کرنے کے لیے پیش رفت کی پیمائش مختلف طریقوں سے کی جاتی ہے۔ مخلتف طریقوں میں امتحانی اسکور، گریڈز، تحریر کے نمونے، پراجیکٹس، مفوضہ کام، اور کارکردگی پر مبنی دیگر کام شامل ہو سکتے ہیں۔ حالانکہ نیو یارک ریاست کے امتحان کے اسکور کو زیر غور لایا سکتا ہے، لیکن آپ کے بچے کی اگلے گریڈ کی مستعدی کا تعین کرنے کے لیے یہ واحد جز نہیں ہے۔ متعدد پیمائشوں کو استعمال کر کے یہ یقینی بنایا جاتا ہے کہ بچے کے پاس اپنے علم اور صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے کئی مواقع ہوتے ہیں۔
  - براہ کرم اپنے بچے کے استاد کے ساتھ اپنے بچے کے لیے ترقی پانے کے لیے درکار اس کی صلاحیتوں اور مشمولات کے بارے میں بات چیت کریں۔ اس کے علاوہ، اپنے بچے کے استاد سے ان مختلف طریقوں کے بارے میں پوچھیں جن کے ذریعے آپ کے بچے کی تشخیص کی جائے گی۔
- یہ اہم کہ معذوری کے حامل طلبا سخت گیر توقعات کی تکمیل کریں اور اگلے گریڈ میں کامیابی کے لیے درکار صلاحیتوں اور مشمولات کو سیکھ کر داخل ہوں۔
- آپ کے بچے کو ترقی کے سنگ میل کی جانب نمایاں پیش رفت کرنے کے لیے مناسب تعلیم، مداخلتیں اور خاص تعلیمی معاونت اور خدمات، اور سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ طلبا اپنی تمام اہل تشخیصات کے لیے سہولیات موصو ل کرتے ہیں بشمول محکمئہ تعلیم ترقی کے پورٹ فولیو کے
- طلبا کی چھوٹی تعداد کو تجدید کردہ ترقی کے معیار کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ ترقی کے دائرہ کار پر IEP کے ہر ایک اجلاس میں بات کی جاتی ہے اور آپ کی رائے اور شرکت کے ساتھ اجلاس میں بچے کے لیے مناسب دائرہ کار کا تعین کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کے بچے سے ترقی کے تجدید کردہ دائرہ کار کی تکمیل کرنے کی توقع کی جاتی ہے تو اس کو ترقی پانے کے لیے سال کے اختتام پر اپنے IEP میں درج تدریس اور / یا ریاضی کے سالانہ اہداف کی تکمیل کرنے کی یا ان اہداف کی جانب مناسب پیش رفت کرنے کی ضرورت ہوگی۔ آپ کے بچے کو تجدید کردہ دائرہ کار کی ضرورت کیوں ہے اس بات کا جواز IEP میں فراہم کیا جاتا ہے۔ یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اس بات کے قطع نظر گریڈ 8-3 میں ایک طالب علم سے ترقی کے کس دائرہ کار پر پورا اترنے کی توقع کی گئی تھی، گریڈ 9-12 کے معیاری تشخیص میں شرکت کرنے والے تمام طلبا سے ترقی کے معیاری دائرہ کار کی تکمیل کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ اس لیے آپ کے بچے کو ہائی اسکول کی کامیابی کے

---

[1] متبادل تشخیص میں شرکت کرنے والے طلبا سے ترقی دائرہ کار کی تکمیل کرنے کی توقع نہیں کی جاتی ہے۔

لیے تیار کرنے کے لیے ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں آپ کے طالب علم کو اپنے گریڈ کے لیے رسائی، شرکت اور تعلیمی معیارات کی جانب پیش رفت کرنے کے لیے مناسب معاونتیں اور خدمات دستیاب ہیں۔

- گریڈ 8 میں، تمام طلبا جن کے معیاری یا تجدید کردہ ترقی کے معیارات ہیں ان کے لیے اگلے گریڈ میں ترقی پانے کے لیے لازمی ہے یہ اپنی بنیادی کلاسوں (فنون انگریزی زبان، ریاضی، سائنس، اور معاشرتی علوم) کو پاس کریں۔
- اگر آپ کے بچے کو اسی گریڈ میں روکنے کو زیر غور لایا جاتا ہے تو آپ جون میں ایک اطلاع نامہ موصول کریں گے۔
- جن طلبا کو جون میں ترقی نہیں دی جاتی ہے ان سے اگلے گریڈ میں کامیاب ہونے کے لیے درکار نظریات اور صلاحیتوں پر کام کرنے کے لیے موسم گرما اسکول میں شرکت کرنا مطلوب ہے۔ موسم گرما اسکول کے اختتام پر، ترقی کے لیے ایک حتمی فیصلہ کیا جاتا ہے۔

## گریڈز 9–12

- ہائی اسکول میں، معیاری تشخیص(مثال کے طور پر ریجنٹس امتحانات) میں شرکت کرنے والے تمام طلبا کو ترقی کے معیاری دائرہ کار کی تکمیل کرنی ہو گی۔ ان میںIEP کے حامل طلبا شامل ہیں۔
- ہائی اسکول میں، طلبا کے گریڈز اور ریجنٹس امتحانات کی بنیاد پر ان کو اگلے گریڈ میں ترقی دینے کا فیصلہ پرنسپل کرتے ہیں۔ پرنسپل جون میں یہ تعین کرتے ہیں آیا طلبا سندیافتگی کی مطلوبات کی تکمیل کرنے کی راہ پر گامزن ہیں یا اگر طلبا کریڈٹ حاصل کرنے اور ریجنٹس کو دوبارہ لینے کے لیے موسم گرما اسکول میں شرکت کرنے سے مستفید ہوں گے۔
- سندیافتگی: نیو یارک ریاست میں تین قسم کے ڈپلومہ ہیں: ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ۔ مقامی ڈپلومہ، ، ایک ریجنٹس ڈپلومہ، اور ایک ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ۔ تمام طلبا، بشمول IEP کے حامل طلبا کی ان کے لیے اعلی ترین معقول انتخاب کو حاصل کرنے کی جانب کام کرنے کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیئے۔
    - آپ کا بچہ کس قسم کا ڈپلومہ حاصل کر سکتا ہے اس بات کا انحصار اس کے کورس کریڈٹس اور مخصوص ریجنٹس امتحانات پر ہے جیسا کہ ذیل میں خاکہ کش کیا گیا ہے سندیافتگی کی مطلوبات کا ویب پیج .
    - **اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کا بچہ سندیافتہ ہونے کے لیے درکار کریڈٹس حاصل نہیں کر رہا ہے براہ کرم اپنے اسکول کے رہنما مشیر سے فوراً بات چیت کریں۔** یہ ذہن میں رکھیں ایک طالب علم مطلوبات سے تجاوز کر سکتا ہے، یہ کم سے کم مطلوبات ہیں۔
    - ہر ایک قسم کے ڈپلومہ کے لیے کریڈٹ اور امتحان کی مطلوبات کے بارے میں تفصیلی معلومات سندیافتگی کے کارڈز پر دستیاب ہیں، جن کو نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم ویب سائٹ پر شائع کیا جاتا ہے اور یہ آپ کے بچے کے ہائی اسکول میں دستیاب ہیں۔
- بغیر ڈپلومہ کے انتخابات ایسی دو اسناد ہیں جن کو طلبا حاصل کر سکتے ہیں جو طرز معاش کی صلاحیتوں کی مستعدی کا مظاہرہ کرتی ہیں۔ یہ اسناد ایک ہائی اسکول ڈپلومہ کے مساوی نہیں ہیں۔
    - طرز معاش کا فروغ اور پیشے کے متعلق تعلیمات کی سند (CDOS) کی تقریب طلبا کو ملازمت کی جگہ میں مطلوب تعلیمی اور ذاتی طرز عمل کی مہارت کا مظاہرہ کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ اس کو ہائی اسکول کے ڈپلومہ کے علاوہ حاصل کیا جا سکتا ہے یا ایک علیحدہ سند ہو سکتی ہے۔
    - نیو یارک ریاست متبادل تشخیص (NYSAA) میں شرکت کرنے والے معذوری کے حامل طلبا ان صلاحیتوں اور حصولیابیوں کی ایسی اسناد حاصل کر سکتے ہیں جو ڈپلومہ کے مساوی نہیں، لیکن یہ طرز معاش کی مستعدی کے حصول کی معاونت کرتی ہیں۔

## گریڈ K-12 میں طلبا کے لیے نوٹ:

رپورٹ کارڈ کا مقصد عام تعلیم نصاب میں پیش رفت کو قلم بند کرنا ہے۔ تمام طلبا کے لیے رپورٹ کارڈ کے گریڈز کی بنیاد نیو یارک ریاست محکمئہ تعلیم کے گریڈ کی سطح کے تعلیمی معیارات کی جانب پیش رفت اور / یا حصولیابی پر ہے، طالب علم کی معذوری یا ترقی کے دائرہ کار کے قطع نظر۔ ترقی کے فیصلے طالب علم کی پیش رفت کی مختلف پیمائشوں کی بنیاد پر ہوتی ہے، جیسے کہ گریڈز، کلاس روم تشخیصات، نیو یارک ریاست امتحانات، پراجیکٹس، اور اسکول کی جانب سے منتخب کردہ دیگر کام۔ کسی بھی طالب علم کے لیے ترقی دینے کے فیصلے کے لیے گریڈز، امتحان کے اسکور کی طرح ایک واحد جز نہیں ہو سکتے ہیں۔

وہ طلبا جنہیں جون میں ترقی نہیں ملی تھی وہ گرمیوں کے اسکول میں شرکت کریں گے۔ اگست میں پرنسپل دوبارہ بچے کی پیش رفت کا جائزہ لیں گے اور ترقی کے متعلق حتمی فیصلہ کریں گے۔ موسم گرما اسکول کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اپنے بچے کے اسکول کے عملے کے ساتھ بات چیت کریں نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم سمر ان دی سٹی پیج۔ اگر آپ کے اپنے بچے کی ترقی کے بارے میں کوئی تشویشات ہیں تو آپ اگلے تعلیمی سال کے آغاز سے قبل اگست میں اپنے اسکول کے مہتمم کے پاس ایک اپیل دائر کر سکتے ہیں۔

## سوالات؟

اگر آپ کے اپنے بچے کے ترقی کے دائرہ کار کے یا اگر آپ کا بچہ ترقی کے دائرہ کار کی تکمیل کر رہا ہے اس کے متعلق سوالات ہیں تو آپ کو اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کرنا چاہیئے۔ مزید معلومات کے لیے ذیل پر ایل میل بھیجیں **specialeducation@schools.nyc.gov**.